ف: اتقاء اور پرہیزگاری کی حد ہو گئی۔ الٰہی! شیعوں کے دلوں سے گندگی دور فرما تاکہ وہ ایسے خبیث مسائل سے توبہ کریں۔ اور توبہ بھی سچی۔

— نماز ایک جس شخص نے ترک کی۔ تو خون اس نے اپنا کیا بے چھری۔ اگر وہ نمازوں کا تارک ہوا۔ تو گویا کہ خون ایک نبی کا کیا۔ ہوئی تین وقتوں سے جس کی قضا۔ تو کعبے کو اس نے ڈھا دیا۔ چار وقتوں کا گر اقتصد۔ تو ایسا ہے۔ جیسے کہ اس شخص نے زنا اپنی مادر سے ستاد بار کیا عین کعبے میں۔

(تحفۃ العوام ص۱۲ مطبع نولکشور)

ف: حساب لگاؤ کتنے شیعہ روزانہ اپنا بے چھری خون کرتے ہیں؟ تم ہی ایمان سے کہو کتنے نبی تمہارے ہاتھوں قتل ہوئے ہوں گے۔؟ خدا کعبہ اگرچہ کعبہ تو کچھ غم نہیں اسیر۔ عام مشاہدہ کی رو سے تقریباً ۹۰ فیصدی شیعہ حضرات اپنی ماؤں کی آبروریزی کرتے ہیں۔ بے شرم! بے شرم!! اے فرزندان ارجمند شرم!

— جو تارک نماز ہے وہ کافر ہے۔ (اصول کافی ص [illegible] مطبع نولکشور)

ف: ملنگاں شیعہ و بھنگیان رافضیہ جو آجکل بیشمار شیعہ بیٹھے ہیں بجائے نماز کے علی علی پکارتے ہیں۔ کافر مطلق ہوئے ان کے چیلے چپاٹوں کی کیا پوچھو؟ گورو جنہاں دے ٹپنے چیلے جان شڑپ۔

— شیعوں کو حکم ہے۔ کہ جب جنازہ سنی میں شامل ہوں تو یہ دعا مانگیں اللہ پر کر اس کی قبر کو آگ سے اور جلدی لے جا اس کو آگ میں یہ متولی بنا تھا دشمنوں کو یعنی ابوبکر و عمر و عثمان کو۔ (فروع کافی ج۱ ص [illegible] مطبع نولکشور)

ف: اسی لئے حضرت غوث الاعظم نے کتاب غنیۃ الطالبین میں فتویٰ لکھا ہے۔ کہ شیعہ کو نماز جنازہ میں نہ آنے دو۔ کہ بجائے رحمت کے قہر مانگیں گے۔ یہ لوگ دین کے دشمن ہیں۔ ان سے علیک سلیک میل جول۔ کھانا پینا ترک کر دینا چاہیے۔

— آج کل جو آذان یعنی بانگ شیعہ لوگوں نے ایجاد کی ہوئی ہے۔ (جسے البد پارہ کہدیں تو مبالغہ نہ ہوگا۔) جس میں شہادتین کے علاوہ شہادت ولایت علی پڑھاتے ہیں۔ اسی پر شیعہ مصنف کا فتویٰ لعنت ہے۔

(من لا یحضرہ الفقیہ صہ۹۳ مطبع تہران)

ف: اصحاب ثلاثہ کی بددعا ایسی پیچیدہ شکلیں پیدا کر دیتی ہے جیسے اب شیعہ حضرات سختی کے منہ میں آگئے ہیں۔ اگر بانگ مروجہ چھوڑ دیں۔ تو شیعہ نہیں رہتے اور اگر بانگ مروجہ دیں۔ تو فتویٰ لعنت کی گرفت ہوتی ہے۔ خسر الدنیا والاخرۃ ذالک ھو الخسران المبین۔

— شیعہ مذہب میں ہے کہ جزع فزع کرے۔ (یعنی چیخنے یا اپنے بال کھینچنے یا منہ پر ہاتھ مارے یا سینہ یا ران پر ہاتھ مارے) تمام نیک عمال برباد ہو جاتے ہیں۔

(فروع کافی ج ۱ صہ ۱۴۲ مطبع نولکشور)

ف: بات تو بالکل صحیح ہے۔ مگر نیک عمال بھی اسی کے برباد ہوں گے۔ جن کے پاس ہوں جن کا خدا ہے نہ رسول۔ محرم میں بے شک حسینؑ، مریت کیا فرج ہے۔ افسوس ہماری تعلیم سے تو نہیں دشمنی تھی یہ بدبخت اپنے بزرگوں کا کہا بھی نہیں مانتے۔

— سیاہ لباس اسلئے پہننا حرام ہے۔ کہ لباس فرعون ہے۔ اور دوزخیوں کا

نشان ہے۔ (حلیۃ المتقین صہ۸ مطبع نولکشور)

ف: محرم کے مہینے میں شیعہ خصوصیت کے ساتھ سیاہ لباس پہنتے ہیں جس سے ان کا آل فرعون ہونا۔ اور دوزخی ہونا ثابت ہوتا ہے۔ ان فرعون علا فی الارض وجعل اھلھا شیعا۔

— شیعوں کے فتوے کے مطابق جزع فزع کرنے والا مطلق کافر ہے۔

(فروع کافی ج ۱ صہ ۱۴۲ مطبع نولکشور)

ف: الجھا ہے پاؤں یار کا زلف دراز میں۔ لو آپ اپنے دام میں صیاد آ گیا۔ اس فتویٰ کی ہم بھی پرزور تائید کرتے ہیں۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

شیعہ خود قاتلِ حسینؑ ہیں

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یہ عریضہ شیعوں اور فدویوں و مخلصوں کی طرف سے بخدمت حضرت امام حسین ابن علی ابن طالب ہے۔ امابعد! بہت جلد آپ اپنے دوستوں، ہوا خواہوں۔ کے پاس تشریف لائیے۔ کہ جمیع مردمان ولایت منتظر قدوم میمنت لزوم ہیں۔ اور بغیر آپ کے دوسرے شخص کی طرف لوگوں کو رغبت نہیں۔ البتہ بتعجیل تمام ہم مشتاقوں کے پاس تشریف لائیے والسلام۔

(جلاء العیون اردو صہ ۳۴۴ مطبع شاہی لکھنؤ)

ف : یہی وہ خط ہے۔ جس کی وجہ سے امام حسینؓ نے سفر کوفہ منظور کیا۔ تو اب ظاہر ہو گیا کہ انہی حضرات نے امام کو دھوکہ دے کر امام مظلوم پر وہ وہ ظلم کیے جس کی یاد سے ہم مسلمانوں کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور امام حسینؓ کی روح لحد میں یہ شعر پڑھتی ہوئی بے قرار رہتی ہے۔

من از بیگانگاں ہرگز نہ نالم — کہ بامن ہرچہ کرد آں یار آشنا کرد

— **خطبہ امام زین العابدینؒ** : یا ایہا الناس ! میں تم کو خدا کی قسم دیتا ہوں۔ تم جانتے ہو کہ میرے پدر کو خط لکھے اور ان کو فریب دیا۔ اور ان سے عہد و پیمان کیے۔ ان سے بیعت کی۔ آخر کار ان سے جنگ کی اور دشمن کو ان پر مسلط کیا۔ پس لعنت ہو تم پر تم نے اپنے پاؤں سے جہنم کو اختیار کیا الخ

(جلاء العیون اردو جلد ۲ صفحہ ۵۰۶ مطبع شاہی لکھنؤ)

ف : اس خطبہ سے بھی ظاہر ہوتا ہے۔ کہ قاتلان حسینؓ یہی شیعہ لوگ تھے جنہوں نے خط لکھ کر امام حسینؓ کو کوفہ بلایا اور آخر کار خود ہی ان کو قتل کر دیا۔

— **تقریر جناب بی بی ام کلثوم ہمشیرہ امام حسینؓ** - اے اہل کوفہ ! تمہارا حال اور مآل برا ہو تمہارے منہ سیاہ ہوں۔ تم نے کس سبب سے میرے بھائی کو بلایا۔ اور ان کی مدد نہ کی۔ انہیں قتل کر کے مال و اسباب لوٹ لیا۔ اور ان کی پردگیان عصمت و طہارت کو اسیر کیا۔ وائے ہو تم پر۔ لعنت ہو تم پر۔

(جلاء العیون صفحہ [illegible] مطبع شاہی لکھنؤ)

ف : بے شک پاک بی بی ام کلثومؓ کے جلے دل کی بد دعا ان دھوکہ بازوں کے شایان حال ہے۔ اسی ظلم کی پاداش میں سال بسال اپنے سینوں پر کتنوں کو زخمی

کرتے رہتے ہیں۔

— حضرت موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ نے شیعوں کو مرتد کہا۔

(فروع کافی صفحہ ۱۰۲ مطبع نولکشور)

ف : واقعی امام برحق کی یہی شان ہے۔ کہ وہ سچی بات منہ پر کہہ دیتا ہے۔ اس میں امام کو ذرا دریغ نہیں ہوتا۔ ہم بھی امام صاحب کے بہت بہت ممنون ہیں۔

— امام زین العابدین نے یزید کی بیعت کی بلکہ اپنے آپ کو اس کا ایسا غلام جتلایا کہ حق فروخت کرنے کا دے دیا۔ (فروع کافی ج ۳ صفحہ ۱۰۰ مطبع نولکشور)

ف : تم ہمیں کہو یہ انداز گفتگو کیا ہے۔ یزید تمہارا امام ہے۔ یا سنیوں کا۔ ذرا ازراہ انصاف کہنا۔ ہائے ! بیدینوں نے امام صاحب کی کس قدر توہین کی ہے ان شاء اللہ میدان قیامت میں امام صاحب ان بد دینی کی سزا دلا دیں گے۔ منتظر رہو۔

— عورت کی دبر سے صحبت کرنی مذہب شیعہ میں جائز ہے۔ فقط یہ شرط ہے کہ عورت بھی رضامند ہو جائے۔ (استبصار جزو ثالث صفحہ ۱۲۳ مطبع جعفری)

ف : ناظرین جزئیات کی خدا کی قسم لاجواب ہیں۔ سرکاری سڑکیں کھلی ہیں جس سڑک سے دل چاہا گذر گئے۔ ایک شیعہ صاحب نے ظریفانہ طور فرمایا۔ کہ ذکر دبر کیلئے ہے۔ اس لئے کہ دونوں مدور (گول) ہیں۔

— ایک عورت نے علیؓ کو عرض کیا کہ میں جنگل میں گئی۔ وہاں مجھ کو پیاس محسوس ہوئی۔ ایک اعرابی سے میں نے پانی مانگا۔ اس نے پانی پلانے سے انکار کر دیا۔ مگر اس شرط پر کہ میں اس کو اپنے اوپر قابو دوں۔ جب پیاس نے مجھے

مجبور کیا۔ تو میں راضی ہو گئی۔ اس نے مجھے پانی پلا دیا۔ اور میں نے جماع کرالیا علیؑ نے فرمایا قسم ہے۔ رب کعبہ کی یہ تو نکاح ہے۔

(فروع کافی صفحہ ۱۹۸ ج ۲ مطبع نولکشور)

ف :- اہل عالم کو شیعوں کا مشکور ہونا چاہیئے۔ جنہوں نے اس روایت سے زنا کا وجود ہی دنیا سے مفقود کر دیا۔ بازاروں میں جن نورانی سیاہ خانوں زنا کا ارتکاب ہوتا ہے۔ اس میں بھی مرد و عورت راضی ہو ہی جاتے ہیں۔ یہاں اگر پانی پلایا گیا تو وہاں اس اجرت سے بڑھ کر روپیہ دیا جاتا ہے۔ گواہ اور ولی کی شرط نہ یہاں نہ وہاں تو گویا مذہب شیعہ میں زنا علی الاعلان جائز ہو گیا بے حیا باش و ہرچہ خواہی کن۔

— عورت کی دبر سے صحبت کرنی چاہیئے۔ (فروع کافی ج ۲ صفحہ ۲۴۳ مطبع نولکشور)

ف :- غالباً اسی وجہ سے شیعہ لونڈے بازی مباح سمجھتے ہوں گے۔

— وہ عورت جسکی دبر زنی کی جائے اسپر غسل واجب نہیں۔ اگرچہ بر زن مرد کو انزال بھی ہو جائے۔ (فروع کافی ج ۲ صفحہ ۴۵ مطبع نولکشور)

ف :- کیا پاکیزہ مذہب ہے سبحان اللہ یا مذہب کیا ہے۔ پلیدی اور خباثت کا مجموعہ ہے۔

— بوسہ خاں کا لینا جائز ہے۔ البتہ شہوت نہ ہو تو رحمت ہے۔ اور شہوت ہو تو کراہت ہے۔ مگر جائز یہ بھی ہے۔ کہ کراہت منافی جواز نہیں۔

(فروع کافی ج ۲ صفحہ ۵۰ مطبع نولکشور)

ف :- مزید بھی مزہ (ہم خرما و ہم ثواب) ایسے افعال سے ہی ادا ہو گی

حقوق زائلہ ہوتی ہے۔ لعنت! نفس پرست عیاشی کے عجیب عجیب طریقے نکالتے ہیں۔ اس میں یہاں تک اندھے ہو گئے ہیں۔ کہ ماں بہن کی بھی تمیز نہیں کر سکتے۔ آپ کے لیئے کسی نے کہا ہے۔

دو چیزوں کی درخواست ہے مختار

میخانہ کا دروازہ نہ ہو توبہ کا در بند

— ننگ دو ہی ہیں۔ قبل یا دبر۔ دبر تو خود ہی چھپی ہوتی ہے۔ سامنے کی طرف کو ہاتھ سے ڈھانک لینا چاہیئے۔ (فروع کافی ج ۲ صفحہ ۲۶ مطبع نولکشور)

ف :- یہ اگر ہاتھ سے نہ چھپ سکے تو شلغم کا پتا کفایت کر سکتا ہے۔ شیعوں کی شریعت میں اتنا ہی ستر کافی ہے۔

— خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے — خصوصاً شیعانِ بے حیا سے

— عورت میت کی دبر اور قبل کو روئی سے خوب پر کیا جائے۔ اور کچھ خوشبو بھی ملا کر سخت باندھ دیجئے۔ یعنی کپڑے سے۔

(فروع کافی ج ۱ صفحہ ۷۱ مطبع نولکشور)

ف :- شیعان بارہا ایسے شریعت کے دلدادہ ہیں۔ کہ بعد از مرگ بھی دھونڈ ڈالے۔ مگر یہ معلوم نہ ہو سکا کہ روئی کسی لکڑی سے داخل کی جائے یا انگشت سے ہی دبا دینا کافی ہو گا۔ یا پھر اس سب روئی کے دبانے میں جاپان کو آرڈر دے کر کوئی سستا آلہ بنوانا پڑے گا۔ دیکھیئے! حضرات شیعہ اور دردمندان تو اس آلہ کے اخراجات کے لیئے کب قوم سے اپیل کرتے ہیں۔

— شیعہ مذہب میں ہے کہ محرم انسان اپنے بدن پر چونا لگا لے تو ننگا بالکل نہیں

رہتا۔ بیشک اپنے سامنے کپڑے اتار لیوے۔ شیعوں کے امام بھی ایسا کر لیا کرتے تھے۔ چنانچہ بقول شیعہ جب امام باقر نے ایسا کیا تو غلام نے امام کا ذکر دھیسا نکلا ہوا دیکھا تو ہاتھ باندھ کر عرض کیا۔ کہ حضور ہم کو کیا کہتے ہیں اور خود کیا کرتے ہیں؟ امام نے فرمایا چونا لگا ہوا ہے۔ (فروع کافی ج ۲ ص ۱۹ مطبع نولکشور)

ف : منہ تو دیکھو رتی ۔ تے کیا کرے گا کوئی۔ خدا سے نہ ڈرنے والے یہی پر زنا کے جاری کرنے کی تہمت دھرنے والے امام عالی مقام کا رتبہ کیونکر پہنچانیں۔ یا اللہ ان بدبختوں کو ہدایت فرما تاکہ تیری اور تیرے نیک بندوں کی قدر و منزلت جانیں۔ آمین یا رب العلمین۔

— جو عورت یا مرد مسلمان نہ ہو شیعہ اس کے فرج کو دیکھ سکتا ہے یعنی جائز ہے۔ وجہ یہ فرماتے ہیں۔ کہ اس ننگ کا دیکھنا ایسا ہے۔ جیسے کوئی گدھے گدھی کا فرج دیکھے۔ (فروع کافی ج ۲ ص ۲۱ مطبع نولکشور)

ف : سنی تو ایسے مسئلوں پر لعنت بھیجتے ہیں۔ البتہ شیعوں کو کوئی فرقہ ڈھونڈنا چاہیے۔ جن کے اس طرح باپ جڑتے ہوں۔ خوب گزرے گی جو مل بیٹھیں گے۔ دیوانے دو۔

— اپنی لونڈی کی فرجی عاریتاً بلا نکاح اپنے دوست یا بھائی کو دینی مذہب شیعہ میں جائز ہے۔ (استبصار جز ثانی ص ۸۷ - ۱۸۶ مطبع جعفری)

ف : اگر کوئی صاحب شیعہ مذہب اختیار کریں تو ہدیئے اور تحفے اچھے اچھے دستیاب ہونگے۔ عجیب عجیب ڈیزائن کی فرجیاں ملیں گی۔ مگر اسی طرح پھر لیے بھی دوستوں کو دعوت دینی ہوں گی۔ بے غیرتی کی بھی کوئی حد ہے؟

— ایک ٹکڑا کھجور کی سبز شاخ کا بقدر ایک ہاتھ میت کی داہنی بغل [illegible] زانو کے درمیان کیا جاوے پھر پگڑی باندھی جاوے۔
(فروع کافی ج ۱ ص ۵۷ مطبع نولکشور)

ف : قبر کی طرف بھی لیس ہو کر نارنج کرنا چاہیے۔ منکر نکیر کو مرعوب کرینگے جب ہی تو چھٹکارا ہو سکے گا۔ ورنہ کیسہ اعمال میں کیا دھرا ہے۔ خاک؟

— شیعہ مذہب میں ہے۔ کہ اگر سالی کی دبر زنی کی جاوے تو نکاح ٹوٹ جاتا
(فروع کافی ج ۲ ص ۱۵۱ مطبع نولکشور)
ہے۔

ف : شیعہ فلسفہ کی حماقت ملاحظہ ہو۔ کریں داڑھی والے اور پکڑے جائیں مونچھوں والے۔

— اگر زوجہ منکوحہ کی بھانجی یا بھتیجی سے متعہ یا نکاح کرے اجازت زوجہ منکوحہ کی درکار ہے۔ (یعنی بھانجی اپنے خالہ جان اور بھتیجی اپنے پھوپھی جان سے نکاح کر سکتی ہے۔) (تحفۃ العوام ص ۲۷۲ مطبع نولکشور)

ف : شیعوں کی شہوت پرستی کے ہاتھوں جب ان کی مائیں بھی عصمت نہیں بچا سکتی۔ تو یہ بیچاریاں کس گنتی شمار میں ہیں۔ سچ ہے۔ ہے صدا طوطی کی سنتا ہے کون نقار خانے میں۔

— شیعہ مذہب میں سالی اور ساس سے جماع کرنے سے نکاح نہیں ٹوٹتا۔
(فروع کافی ج ۲ ص ۱۵۱ مطبع نولکشور)

ف : دیکھو مسئلہ سالی اور ساس سے سالہ کی عصمت زیادہ قیمتی ہے واقعی مردوں کو مردوں کی اسی طرح رعایت کرنی چاہیے۔ یہ شیعوں کا ہی

جعفر ہے۔ قلہ ایں کار از تو آید مرداں چنیں کنند۔

— عورت کی شرمگاہ کو چوم لے۔ تو بھی جائز ہے۔

(حلیۃ المتقین صفحہ ۔ مطبع نولکشور)

ف : بس یہی کسر رہ گئی تھی مرحبا!!

— عورت کی شرمگاہ کو چومنا شیعہ مذہب میں درست ہے۔

(فروع کافی ج ۲ صفحہ ۲۱۴ مطبع نولکشور)

ف : شیعوں کو مبارک ہے۔

— محارم عورتوں (یعنی اپنی بہن، بھانجی، بھتیجی، خالہ وغیرہ) سے اپنے ذکر کے گرد ریشمی باریک کپڑا لپیٹ کر جماع کرنا حرام ہے۔

(حق الیقین اردو صفحہ ۳۴۶ مطبع سٹیم پریس لاہور)

ف : پہلے مؤدب شیعہ تو ماں بہن کا احترام کرتے ہوئے، ٹاکی لپیٹ کر جماع کرتے ہوں گے۔ زمانہ حال کے بے ادب گستاخ شیعہ نے یہ شرط بھی اڑا دی۔ اور لکھ دیا کہ ٹاکی لپیٹ کر حرام ہے۔ جس سے مفہوم ہوتا ہے۔ کہ ٹاکی لپیٹ کر حرام ویسے حلال ہے۔

واہ شیعہ دی پاکی یار دو واہ شیعہ دی پاکی — ماواں نال زنا کریندے بن ذکر تے ٹاکی

— شیعہ مذہب میں ہے۔ کہ انسان مرتا ہی تب ہے۔ جب اس کے منہ سے منی کا نطفہ نکل پڑتا ہے۔ یا کسی اور جگہ بدن سے۔

(فروع کافی ج ۱ صفحہ ۵، مطبع نولکشور)

ف : جس منہ ناپاک سے تمام صحابہ کرام کو گالیاں دیتے رہے بھلا اس میں سے آخری وقت اگر منی وغیرہ بہہ نکلے تو ہرگز مقام تعجب نہیں۔ یہ دار الشے قیامت میں دیکھنا کیا۔ مدگت ہوتی ہے۔ کذالک العذاب و العذاب الآخرۃ اکبر لو کانوا یعلمون۔ مسلمانوں کے منہ سے تو آخری وقت ہمیشہ کلمہ شریف ہی نکلتا ہے۔ (لا تموتن الا و انتم مسلمون)

— مذہب شیعہ میں ہے۔ کہ جو شخص محارم عورتوں (یعنی ماں۔ بہن۔ بھانجی بھتیجی پھوپھی وغیرہ) سے نکاح کر کے جماع کرے اس کو زنا نہیں کہتے بلکہ متعہ یہ فعل حلال ہے۔ جو اولاد پیدا ہو اس کو اولاد زنا کہنا جائز نہیں۔ جو ایسے مولود کو ولد الزنا کہے وہ قابل سزا ہے۔ ملخصاً

(فروع کافی ج ۲ صفحہ ۱۲-۲۵ مطبع نولکشور)

ف : ہمیں کیا ضرورت ہے کہ ایسے مولود مسعود کو حرامزادہ کہیں جبکہ شیعوں کے مذہب میں زنا۔ زنا ہی نہیں سمجھا جاتا۔ بلکہ عبادت سمجھ کر اس کے جواز کی متعدد صورتیں قائم کی جا چکی ہیں۔ تو ہم سوائے اس کے کہ ایسے بہائم صفت وحشیوں سے گریز کریں۔ اور کیا کر سکتے ہیں۔

— اگر ایک شخص نے کتے کو شکار پر چھوڑا۔ کتے نے شکار کو پکڑ لیا اور شکاری پہنچ گیا۔ مگر اس کے چھری پاس نہ تھی۔ کہ وہ ذبح کرے وہ کھڑا تماشا دیکھتا رہا کتے نے اس کو مار کر کچھ کھا لیا ہے۔ وہ شکار حلال ہے۔

ف : شیعوں نے ہو غالباً کتے کی صفت وفاداری کے انعام میں اس کا پس خوردہ حلال سمجھا گیا ہے۔ شیعوں کے نزدیک تو ایک ساتھ اکٹھے ایک دسترخوان

پر بیٹھ کر کھا لینے میں بھی کوئی قباحت نہ ہوگی۔

— گوشت خنزیر اور مردار کا کھانے سے کوئی حد شرعی نہیں لگتی۔

(فروع کافی ج ۳ صہ ۱۳۱)

ف ÷ جب شرع ہی نہیں تو حد کیسی جب سنتیں بھی قرآن آئے گا۔ تو حدود شرعی بھی قائم کر لی جائیں گی۔

— اگر چوہا گوشت میں پک گیا ہو تو شوربا گرا دیا جائے اور گوشت دھو کر کھا لیا جائے۔ (فروع کافی ج ۲ صہ ۱۰۵ مطبع نولکشور)

ف ÷ واہ جی واہ! کیا کہنے!!! سبحان ہے، شوربا حرام سے بوٹی حلال؟

— کتا گھی یا تیل میں جا پڑے تو وہ گھی یا تیل پاک رہتا ہے۔ بشرطیکہ کتا زندہ برآمد ہو۔

(فروع کافی ج ۲ صہ ۱۰۵ مطبع نولکشور)

ف ÷ بالکل ٹھیک! زندہ کتا بہر حال مردہ کتے پر فضیلت رکھتا ہے۔ کیسی عمدہ عمدہ بخشیں ہیں۔ کتے کا اشیاء خوردنی میں گرنا اور پھر اس کی حیات دممات بھی شیعوں کے پیش نظر ہے۔ شیعوں کے دماغ کی رسائی ملاحظہ ہو۔ وہاں پہنچا کہ فرشتوں کا بھی مقدور نہ تھا۔

— گدھا حرام نہیں ہے۔ خیبر کے دن اس کے کھانے سے اس لیے منع فرمایا گیا تھا۔ کہ یہ جانور لوگوں کے بوجھ اٹھانے والا تھا۔ بار برداری میں تکلیف تھی۔

(فروع کافی ج ۲ صہ ۹۵ مطبع نولکشور)

ف ÷ سننے میں آیا ہے۔ کہ شیعہ گورنمنٹ ایران سے گدھوں کے گوشت کی فروخت کے لیے لائسنس حاصل کرنے والے ہیں۔ مگر ایران ملک شیعوں کا کریں گی۔ ی

کے خلاف احتجاجی جلسے نہیں کریں گے؟

— شیعوں کا عقیدہ ہے کہ سنی (یعنی سنی) آدمی کتے سے بھی بدتر ہے۔

(فروع کافی ج ۱ صہ ۹ مطبع نولکشور)

ف ÷ سنیو! تمہاری قدر و منزلت شیعوں کے نزدیک یہ ہے۔ عبرت پکڑو سنیوں! اگر کچھ بھی سلیم الطبعی کا جوہر تمہارے اندر ہے۔ تو توبہ کرو ایسے گندے بے حیا اور واہیات عقائد کو آخری سلام کر کے صراط مستقیم (مذہب اہل سنت والجماعت) کی طرف آؤ۔

— شیعوں کا عقیدہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا ایمان شیطان ملعون کے برابر ہے۔ (معاذ اللہ) (کلید مناظرہ مطبوعہ لاہور)

ف ÷ صدیق اکبر یار غار، اور یار مزار اور قیامت تک اور اس کے بعد الی غیر نہایت نبی علیہ السلام کے رفیق خاص اور وزیر حضوری ہیں۔ لیکن دشمنوں نے جو کچھ بھی کی ہے۔ اس کا قیامت کے بدلہ انہیں ملے گا۔

— پاخانے میں پڑا ہوا روٹی دھو کر کھا لے تو جہنم سے آزاد ہے۔

(ذخیرہ المعاد صہ ۲۵)

ف ÷ شیعہ مذہب کی یہ بھی خوب غذا ہے۔ مسائل تو اِن صاحبان کے بہت ہیں وقت کی قلت کے پیش نظر انہی پر اکتفا کیا جاتا ہے۔ لیکن چونکہ اس مذہب میں متعہ کا مسئلہ بھی ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس پر بھی مختصراً کچھ عرض کیے دیتا ہوں

متعہ یا زنا

بہر حال یہ بھی زنا ہے۔ صرف نام کا فرق ہے۔ اور شیعہ اسے نکاح سے تعبیر کرتے ہیں۔

۱۔ متعہ سے اصلی غرض شہوت کچلنا ہے۔ (الروضۃ البہیۃ صہ ۲۹ ۔ الاستبصار صہ ... جامع عباسی صہ ۱۵۱) زنا میں بھی یہی کچھ ہوتا ہے۔ حالانکہ نکاح سے اصلی مقصد تناسل و نسل ہے۔ چنانچہ اس مسئلہ پر شیعہ و سنی ہر دو متفق ہیں۔

۲۔ متعہ میں ضروری ہے۔ کہ وقت معین ہو۔ (تحفۃ العوام صہ ۲۴۳ مصباح المسائل صہ ۲۹۱ جامع عباسی صہ ۱۳۵۔ فروع کافی صہ ۱۴۳ ج ۲ و صہ ۲۵ ج ۲ و صہ ۲۹ ج ۲)

ف :۔ زنا میں بھی یہی ہے۔ کہ زانی اپنی محبوبہ سے چند گھڑیاں ملاقی ہو کر بھاگ جاتا ہے۔ کنجری بازی کا دوسرا نام متعہ ہے۔ کہ وہاں بھی یہی بات ہوتی ہے۔ حالانکہ نکاح میں دائمی اور ابدی رشتہ وابستہ کیا جاتا ہے۔ جو سنت انبیاء کرام ہے۔ اس پر شیعہ سنی دونوں متفق ہیں۔

۳۔ متعہ میں اظہار و اشتہار بھی ضروری نہیں۔ (تہذیب الاحکام باب النکاح)

ف :۔ زنا بھی چوری چھپے کا سودا ہے۔ نکاح کا رشتہ کھلم کھلا تمام برادری اور دوست سب اس عقد میں جمع ہوتے ہیں۔ تاکہ خوب تشہیر ہو بلکہ دف وغیرہ وغیرہ ہر طرح کی تشہیر ہوتی ہے۔

۴۔ متعہ میں اول دام پھر کام۔ (مصباح المسائل صہ ۲۹۱ ۔ تحفۃ العوام صہ ۲۴۳ ۔ تنبیہ المنکرین حب مع عباسی صہ ۲۵ ۔ فروع کافی صہ ۱۴۳

ف :۔ یہی زنا یا کنجری بازی میں ہوتا ہے۔ کہ پہلے محبوبہ کنجری کے ہاتھ میں مقرر کردہ دام پھر کام۔ و نکاح میں مہر معجلاً بھی ہوتی ہے۔ اور مؤجلاً بھی۔

۵۔ متعہ میں خرچی جتنا چاہو زیادہ یا کم خواہ مٹھی بھر گندم بھی ہو۔
حب مع عباسی صہ ۲۵ ، کافی صہ ۱۹۴ ج ۲ ۔ فروع کافی صہ ۱۴۳ ج ۲ و صہ ۲۹ ج ۲ ۔ مٹھی بھر کی تصریح؛

ف :۔ نکاح میں شرعی مہر کی مقدار کا تعین ضروری ہوتا ہے۔ اور زنا میں کنجر اور کنجری راضی پھر کیا کرے ملاں قاضی۔

۶۔ پھر اگر کسی عورت سے زنا کر لیا جائے تو بھی شیعوں کے نزدیک نکاح ہو جاتا ہے۔ چنانچہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایک زانی مرد و عورت کو سنگسار کرنا چاہا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ تو نکاح ہے۔ واقعہ یوں ہوا کہ ایک اجنبی مسافر عورت نے کسی سے پانی مانگا۔ اجنبی مرد نے کہا زنا پر راضی ہو جا تو پانی پلاؤں گا۔ چنانچہ وہ راضی ہو گئی۔ تفصیلی واقعہ فروع کافی صہ ج ۳ کتاب الروضہ صہ ۱۴۶ میں ہے۔

ف :۔ اگرچہ یہ سراسر حضرت علیؓ پر بہتان ہے۔ ورنہ سلیم الطبع انسان سوچے یہی زنا بالجبر نہیں تو اور کیا ہے۔

۷۔ متعہ لاتعداد عورتوں سے جائز ہے۔ (ضیاء العابدین صہ ۱۱۲ ۔ کافی صہ ۱۹۱/۲۲۰
حب مع المسائل صہ ۳۳۱ ۔ الروضۃ البہیہ شرح لمعہ دمشقیہ صہ ۔ جامع عباسی صہ ۲۵
فروع کافی صہ ۴۳ ج ۲ ۔ الاستبصار صہ ۱۴۵

ف :۔ زنا میں یہی ہوتا ہے۔ کہ ان گنت سے جس طرح چاہے۔ جیسے چاہے۔

کیونکہ غرض مقرر ہے۔ اذا فاتت الحیاء فافعل ما شئت ۔ جب حیا باقی نہ رہے تو جو چاہو کرو ۔ اور نکاح میں صرف چار عورتوں تک اجازت ہے۔ بلکہ شیر خدا رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بی بی فاطمہ رضی اللہ عنہا کی موجودگی میں دوسری کسی عورت سے نکاح کی اجازت نہ تھی ۔

٨ ۔ متعہ میں گواہوں کی ضرورت بھی نہیں ۔ (جامع عباسی ص۲۵۷ ۔ فروع کافی ص۲۳ ج ۲ ۔ الاستبصار ص۱۴۲ ۔

ف ؛ یہی زنا ہی تو ہے۔ ورنہ نکاح میں دو گواہوں کا ہونا لازمی اور ضروری ہے۔ اگر متعہ بھی نکاح ہوتا تو اس میں بھی گواہ ہونے لازمی ہوتے لیکن چونکہ یہ زنا ہے۔ اس لیئے زنا کی طرح چوری چھپے ۔

٩ ۔ متعہ میں زن و شوہر کے درمیان حق وراثت کا سوال ہی نہیں پیدا ہوتا ۔ (مختصر نافع ص۸۹ ۔ الروضۃ البہیہ ۔ ضیاء العابدین ص۹۱ ۔ جامع عباسی ص۲۵۷ فروع کافی ص۴۳ ج ۲ و ص۴۵ و ص۴۶ ومصباح المسائل ص۲۴۱ ۔

١٠ ۔ متعہ میں طلاق کا تصور ہی نہیں ۔ (جامع عباسی ص۲۵۷ ۔ الروضۃ البہیہ مختصر نافع ص۸۹ ۔ رسالہ فقہ ملا باقر مجلسی کتاب الغراق تحفۃ العوام ص۲۸۹ فروع کافی ص۴۳ ج ۲ ۔

ف ؛ یہی زنا ہے۔ کہ جب مرد اور عورت نے اپنا منہ کالا کیا۔ اس کے بعد متعہ کی طرح فارغ اور نکاح میں اللہ تعالیٰ نے یہ خصوصیت رکھی ہے۔ کہ مرد اور عورت دائمی زندگی خوشی خوشی گذار دیں۔ اگر خدانخواستہ آپس میں نہیں گذار سکتے تو طلاق دی جائے۔ اور اس کے تصریحات قرآن مجید میں جابجا ہیں۔

١١ ۔ متعہ میں عدت کیسی جبکہ طلاق ہی نہیں ۔ اسی طرح عورت مرد کے نکاح میں بھی نہیں تو عدت وفات کیسی ۔ بہرحال عورت ممنوعہ عورت کی عدت نہیں (کافی ص۹۳ ج ۱ ۔ فروع کافی ص۴۴ ج ۲ ۔

ف ؛ یہی بات زنا میں ہے۔ کہ وہاں عدت کیسی اور عدت کا تصور ہی کیوں حالانکہ قرآن مجید نے متعدد مقامات پر عورت کی عدت کے احکام صادر فرمائے ہیں۔

١٢ ۔ متعہ میں عورت کو نان و نفقہ نہیں دیا جاتا ۔ (ضیاء العابدین ص۲۹ جامع عباسی ص۲۵۷

ف ؛ وہی خرچی جو عقد متعہ میں مقرر ہوتی وہی کافی ہے۔ یہی زنا میں ہے۔ کہ کنجری کے کوٹھے پر جاتے وقت جو کچھ خرچی طے ہو گئی وہ دینی پڑے گی ۔ اس کے سوا اللہ اللہ خیر سلا ۔ حالانکہ نکاح میں نان و نفقہ ضروری اور لازمی ہے جسے قرآن مجید میں تفصیل کے ساتھ بیان فرمایا ہے۔ علاوہ ازیں

١٣ ۔ ایلاء جامع ص۲۵۷ ١٤ ۔ اظہار ص۲۵ ١٥ ۔ احصان ١٦ ۔ لعان جامع ص۲۵ وغیرہ بھی نکاح کے علامات سے ہیں۔ لیکن متعہ میں تو ایک بھی نہیں بلکہ اس میں صاف اور واضح طور زنا کی علامات پائے جاتے ہیں۔ اس کے باوجود بھی کوئی متعہ کو جائز سمجھے تو یقین رکھے کہ قیامت میں زانی کو سخت سزا ہو گی ۔ اسی طرح متعہ کرنے والے کو۔

١٧ ۔ متعہ میں اوقات بڑھانا گھٹانا بھی ہوتا ہے (فروع کافی ص۴۵ ج ۲)

١٨ ۔ متعہ کی عورت زانیہ (کنجری) کی طرح ہر شیعہ کا مشترک کھاتہ ہے (فروع کافی ص۴۷ ج ۲)

متعہ کے مسائل

(مسئلہ) شریعت شیعہ میں متعہ ضروری ہے۔ (حق الیقین ص۳۳۰)

(مسئلہ) زندی سے بھی بکراہت سے متعہ جائز ہے۔ (ضیاء العابدین ص۱۹۳ و تحفۃ العوام ص مصباح المسائل ص ذخیرۃ المعاد ص وغیرہ)

یاد رہے کہ کراہت جواز پر دلالت کرتی ہے۔ جیسے پیاز و تھوم وغیرہ اگرچہ مکروہ ہیں مگر جائز ہیں۔

(مسئلہ) متعہ میں یہ شرط لگانا بھی جائز ہے کہ دن میں جماع کروں گا یا رات میں۔ ایک دفعہ کروں گا یا دو دفعہ۔ (الروضۃ البہیہ ص۲۸۶ جامع عباسی ص۲)

ف ۔۔ بجا فرمایا جبکہ وہ کرایہ کی شے ہے۔ تو اسے جس طرح چاہو کر و۔

(مسئلہ) بیوی کی بھانجی اور بھتیجی سے بھی با اجازت منکوحہ متعہ جائز ہے۔ تحفۃ العوام ص۳۶۲

(مسئلہ) لواطت بھی جائز ہے۔ (الاستبصار ص۲ الفروع کافی ص۲ ج ۲ و مختصر نافع ص۹۰۔ ذخیرہ المعاد ص۱۹۱۔ اور پھر اس میں غسل بھی نہیں فروع کافی ج ۲ ص۲۵۔

ف ۔۔ یہ تو متعہ سے بھی بڑھ گیا۔

(مسئلہ) عورت مملوکہ کی فرج عاریت پر دینا بھی جائز ہے۔ (ضیاء العابدین ص۱۹۲/۱۹۳ استبصار ص)

(مسئلہ) ماں بہن سے ریشم لپیٹ کر جماع جائز ہے۔ (ذخیرۃ المعاد ص۹۵)

(مسئلہ) یہودی نصرانی و دیگر اہل کتاب سے متعہ جائز ہے۔ تحفۃ العوام ص

اجرت متعہ کم از کم مٹھی بھر گندم یا جو بھی ہو سکتی ہے۔ متعہ کا منکر علی کا دشمن۔ نبی کا دشمن۔ خدا کا دشمن ہے۔ عورت متعہ کرا کر اگر مزدوری واپس کر دے تو اسے ہر درہم کے عوض ۷۰ ہزار شہید لڑکے بہشت میں ملیں گے۔ جتنی عورتوں سے چاہے جماع کرے کافی ص۱۹۱ ایک عورت سے جتنی دفعہ چاہے متعہ کرلے۔

متعہ کے فضائل و ثواب

۱۔ متعہ کرتے وقت جو کلمہ اپنی محبوبہ (ممتوعہ) سے کہے اور ہر مرتبہ جب ہاتھ لگائے تو اسے ہر کلمہ اور دست اندازی کے عوض ایک نیکی لکھی جاتی ہے۔ اور جب نزدیکی کرتا ہے۔ اس کا گناہ بخشا جاتا ہے۔ اور جب غسل کرتا ہے۔ تو ہر بال کی گنتی کے برابر اس کے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے حضور علیہ السلام سے فرمایا جو تیری امت سے متعہ کرتا ہے تو اس کے گناہ بخش دوں گا۔ ضیاء العابدین

۲۔ حضرت باقر رضی اللہ عنہ دونوں متعہ کرنے والے مرد اور عورت فرمایا کہ جاؤ تم دونوں پر اللہ صلوٰۃ و رحمت بھیجتا ہے۔ (ضیاء العابدین ص)

۳۔ جو شخص ایک بار متعہ کرے اسے امام حسین اور جو دو بار کرے اسے امام حسن اور جو تین بار کرے اسے حضرت علی اور جو چار بار کرے اسے رسول کریم کا درجہ ملتا ہے۔ (منہج الصادقین ص۳۵۶ ج ۱)

ف ۔۔ پانچویں بار کرنے سے خدا کا درجہ مل جاتا ہوگا۔ لیکن راوی نے قلم روک لیا ممکن ہے تقیہ کے طور نہ لکھا ہو۔ تاکہ راوی جہاں متعہ کے درجات لکھ کر ثواب پا گیا۔ ایسے وہاں تقیہ سے بھی اجر عظیم کا مستحق ہو۔

۴۔ متعہ میں ایک دوسرے کے ہاتھ پکڑنے سے تمام گناہ انگلیوں کے پوروں سے نکل جاتے ہیں۔ اور غسل جنابت کرنے کے پانی کے ایک ایک قطرہ سے اللہ تعالیٰ فرشتے پیدا کرتا ہے۔ جو اس کے لیئے تسبیح و تقدیس کرتے ہیں۔ اس کا ثواب تا قیامت متعہ کرنے والے کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے۔ (خلاصہ منہج الصادقین ص۴۹۳ ج ۲)

۵ ۔ جو شخص متعہ کئے بغیر مر گیا وہ بروز قیامت نکٹا اٹھایا جائے گا۔
(تنبیہ المنکرین صفحہ ۲۵۲)

ف :: اب تو کوئی شیعہ بھی اس دولت عظمیٰ سے محروم نہ رہتا ہوگا۔ کہ کہیں قیامت کے دن ثواب کی محرومی کے علاوہ ناک کٹ گئی تو پھر کیا عزت رہی۔

٦ جس نے ایک بار متعہ کیا اس کا تیسرا حصہ جہنم سے آزاد ہوگیا۔ (منہج الصادقین جلد ۲ صفحہ ۴۹۵)

واہ واہ کسی نے خوب فرمایا ہے متعہ ٹکٹ ہے جہنم سے آزاد ہونے کی۔ گویا شیعوں کا تین بار متعہ کرنا جہنم سے آزادی کا مکمل ٹکٹ ہے۔ چنانچہ حدیث مذکورہ میں ہے کہ جو کوئی تین بار متعہ کرے مکمل طور جہنم سے آزاد کیا جائے گا۔

٧ ۔ جو شخص متعہ کرے عمر میں ایک مرتبہ وہ اہل بہشت سے ہے۔ (تحفۃ العوام صفحہ ۲۷۵)

٨ ۔ عذاب نہ کیا جائے گا وہ مرد اور عورت جو متعہ کرے۔ (تحفۃ العوام صفحہ ۲۷۵)

٩ ۔ جو شخص ایک بار متعہ کرے وہ اللہ تعالیٰ قہار کے غضب سے بچ گیا۔ اور جو دو بار کرے وہ قیامت کے دن نیکوکار لوگوں کے ساتھ اٹھے گا۔ اور جو تین بار کرے وہ روضۂ جنت میں چین اڑائے (خلاصۃ المنہج صفحہ ۲۹۲ ج ۱)

١٠ ۔ سلمان فارسی وغیرہ کہتے ہیں کہ ایک دفعہ ہم حضور علیہ السلام کی محفل پاک میں حاضر تھے۔ آپ نے سامعین کو ایک بلیغ خطبہ میں فرمایا کہ اے لوگو اللہ کی طرف سے ابھی جبریل علیہ السلام میری امت کیلئے بہترین تحفہ لائے ہیں۔ جو میرے سے پہلے کسی پیغمبر کو نصیب نہیں ہوا۔ اور وہ تحفہ مومنہ عورت (شیعہ) سے متعہ کرنا ہے۔ یاد رکھو یہ متعہ میری سنت ہے۔ میرے زمانہ میں یا میرے وصال کے بعد جو بھی اس سنت (متعہ) کو قبول کر کے اس پر عمل کرے گا بلکہ اس پر مداومت کرے گا

تو وہ میرا ہے اور میں اس کا ہوں۔ اور جو اس کی مخالفت کرے گا۔ تو وہ خدا تعالیٰ سے مخالفت کرتا ہے۔ اور جو بھی اس مجلس میں بیٹھنے والوں سے میرے اس حکم کا انکار کرے گا۔ تو وہ میرے ساتھ بغض کرتا ہے۔ لہٰذا تم لوگ میں اس کے متعلق گواہی دیتا ہوں کہ وہ دوزخی ہے۔ جان لو کہ جو زندگی میں ایک بار متعہ کرے گا۔ تو وہ اہل بہشت سے ہوگا۔ اور جان لو کہ جو شخص عورت سے متعہ کرنے کے لیے بیٹھے گا تو اللہ تعالیٰ کی طرف اس کے لیے ایک فرشتہ (اسپیشل) نازل ہوگا۔ جو ان دونوں کی نگہبانی کرے گا یہاں تک کہ وہ اس فعل سے فارغ ہو جائیں۔ اس متعہ کرتے وقت یہ دونوں منہ سے جو کلمہ نکالیں گے۔ ان کے لیئے تسبیح و ذکر کا ثواب بن جائیگا۔ اور جب یہ دونوں ایک دوسرے سے یک جان ہونگے تو ان سے زندگی کے تمام گناہ معاف اور جب وہ ایک دوسرے کو بوسہ دیں گے تو اللہ تعالیٰ انہیں ان کے ہر بوسہ کے عوض حج وعمرہ کا ثواب بخشے گا۔ جب متعہ کے کام میں مصروف ہونگے تو ہر لذت و شہوت کے عوض بہ ان کے نامہ عمل میں ان گنت نیکیاں لکھی جائیں گی۔ ایک نیکی بڑے بلند پہاڑ کے برابر ہوگی۔ جب شہوت بجا کر فراغت پائیں گے تو غسل کی تیاری کریں گے۔ تو اللہ تعالیٰ خوش ہو کر فرشتوں سے فرمائے گا۔ کہ دیکھو میرے ان دونوں بندوں کو اب وہ لذت بجا کر اٹھے ہیں۔ اور نہانے کا انتظام کر رہے ہیں۔ اے فرشتو! گواہ ہو جاؤ میں نے ان دونوں کو بخش دیا ہے۔ جان لو کہ ان کے بدن پر غسل کا پانی ان کے جس بال سے گذرے گا۔ تو اللہ تعالیٰ ہر بال کے بدلے میں ان کے نامہ اعمال میں دس نیکیاں لکھے گا۔ اور دس گناہ معاف فرمائے گا۔ اور دس درجے بلند فرمائے گا۔ یہ تقریر سن کر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اٹھ کر عرض کی یا رسول اللہ!

اس شخص کا ثواب بھی بیان فرمایئے جو متعہ کے رواج دینے میں جد وجہد کرتا ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اسے اتنا ثواب ملے گا جیسے ان دونوں متعہ کرنے والوں کو ثواب ملتا ہے۔ . . . .

یعنی اس کو دوہرہ ثواب نصیب ہوگا۔ پھر حضور نے فرمایا اے علی متعہ کرنے والے مرد اور عورت جب غسل سے فارغ ہوتے ہیں تو ان کے غسل کے پانی کے ایک ایک قطرہ سے فرشتہ پیدا ہوتا ہے۔ پھر وہ قیامت تک اسی متعہ کرنے والے مرد اور عورت کے لیئے تسبیح و تقدیس کرتے رہتے ہیں۔ اے علی! جو شخص متعہ سے محروم رہے گا۔ وہ نہ میرا ہے اور نہ تیرا۔

(خلاصۃ المنہج صـ ۲۹۲ ج ۱)

غور کیجیے! متعہ شیعہ کو ایسا تحفہ نصیب ہوا کہ جو نہ سابقہ امتوں کے کسی کو نصیب ہوا۔ اور نہ ہی شیعوں کے سوا کسی دوسرے فرقہ کو ملا۔ اور نہ ملنے کا امکان ہے۔ اور ثواب کا حساب ہی کیا کہ لاکھوں سال کی بہت بڑی عبادت متعہ کے صرف ایک بوسہ کی عبادت کا مقابلہ نہ کر سکے۔ متعہ میں متاعی عورت سے حساب چکانے سے لیکر تا فراغت نامعلوم کتنا انوار و تجلیات سے نوازا جاتا ہے۔ بلکہ متعہ سے فراغت پانے کے بعد جب یہ دونوں متعہ کرنے والے عورت و مرد اپنی طاقت کا سرمایہ کھو بیٹھتے ہیں۔ تو اللہ تعالیٰ انہیں دیکھ کر فرشتوں کی جماعت کے سامنے ان کے اس جہاد کی تعریف کرتا ہے۔ غرضیکہ متعہ کرنے سے کروڑوں فرشتے پیدا ہوتے ہیں۔ گویا متعہ نوری جماعت کے ایجاد کی فیکٹری۔ کن کہہ کر اللہ تعالیٰ نے اتنا فرشتے نہیں بنائے ہوں گے۔ جتنا متعہ کی فیکٹری سے

شیعوں کے گھروں میں بنتے ہیں (لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم) متعہ کے برکات بیان کرنے کیلئے نہ زبان کو طاقت ہے۔ اور نہ ہی قلم کو ہمت۔

متعہ سے محروم ہونے والے کی سزا

یہ نہ سمجھنا کہ شیعوں کے نزدیک متعہ کوئی ایسا ویسا عمل ہے۔ بلکہ اتنا ضروری ہے کہ نہ کرنے والے کو سخت سے سخت سزا دی جائے گی۔ چنانچہ چند احادیث شیعہ مذکورہ ہو چکی ہیں اور سن لیجیے۔

۱۔ حضرت امام جعفر صادق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ وہ ہماری جماعت سے خارج ہے۔ جو متعہ کو حلال نہیں سمجھتا۔ (خلاصۃ المنہج صـ ۲۹۱)

۲۔ ایک شخص نے حضرت امام باقر رضی اللہ عنہ سے عرض کی کہ میں نے قسم کھائی تھی کہ متعہ نہیں کروں گا۔ اب پریشان ہوں کہ کیا کروں۔ آپ ناراض ہو کر فرمانے لگے کہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے روگردانی کی قسم کھائی ہے جو شخص اللہ تعالیٰ کے حکم کی روگردانی کرتا ہے۔ تو وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہوتا ہے۔ مصنف خلاصۃ المنہج صـ ۲۹۱، اس روایت کو لکھتا ہے کہ

بنابریں روایت ہر کہ متعہ نہ کند دشمن خدا تعالیٰ باشد۔	یعنی اس روایت سے معلوم ہوا کہ جو متعہ نہیں کرتا وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے۔

اس کے اہلسنت یعنی منکرین متعہ کو زجر و توبیخ کرتے ہوئے لکھتا ہے۔

پس آیا حال منکرین از چہ باشد؟ یعنی جب متعہ کا قائل ہو کر بھی متعہ نہیں کرتا تو

وہ اللہ تعالیٰ کا دشمن ہے۔ تو پھر اس غریب مسلمان پر کتنا غضب خداوند ہوگا۔ جو متعہ کا منکر ہے۔

۴۔ حضور علیہ السلام سے یہ صحیح روایت منقول ہے۔ اپنے صحابہ سے فرمایا کہ ابھی میرے ہاں جبریل علیہ السلام تشریف لائے ہیں۔ اور فرمایا کہ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ آپ کو سلام کے بعد فرماتا ہے۔ کہ آپ اپنی امت سے فرما دیجئے کہ وہ متعہ کریں۔ اس لیئے کہ متعہ نیک لوگوں کی سنت ہے۔ اور سن لیجئے آپ کا جو امتی قیامت کے دن میرے ہاں حاضر ہوگا۔ اور اس نے متعہ نہ کیا ہوگا۔ تو اس کی تمام نیکیاں چھین لی جائیں گی۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سن لے مومن شیعہ جب ایک درہم (چار آنہ) متعہ میں خرچ کرتا ہے۔ تو اللہ تعالیٰ کے ہاں دوسری نیکیوں میں ہزار درہم کے خرچ سے یہ خرچ بہتر و افضل ہے۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم سن لیجئے کہ بہشت میں چند مخصوص حور عین بیٹھی ہیں۔ جو صرف متعہ کرنے والوں کو نصیب ہونگی۔ ان میں باقی کسی کو دیکھنے تک بھی نہ دیا جائے گا۔ اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم جب کوئی متعہ کے بات چیت کسی عورت سے طے کرتا ہے۔ اس کی شان اتنا بلند ہو جاتی ہے کہ فوراً ہی اللہ تعالیٰ اس کے تمام گناہ بخش دیتا ہے۔ اور ساتھ ہی وہ متاعی عورت بھی بخشی جاتی ہے۔ بلکہ ہاتف غیبی اسے ندا دیتا ہوا مبارک باد پیش کرتا ہے۔ کہ اے مرد قلندر شاد باش تیرے تمام گناہ بخشے گئے۔ اور نیکیاں اتنا دی گیئں کہ تو گننے سے عاجز آجائے گا۔ اور وہ عورت جو حساب متعہ طے کر کے معاف کر دیتی ہے۔ تو اس کی کمائی ٹھکانے لگ گئی اس لیئے کہ اس کی ہر چونی پر قیامت میں اسے چالیس ہزار نور کے شہر ملیں گے۔ (گویا بہشت میں وہ ملکۃ الزبیتہ کا عہدہ

سنبھالے گی) اور ہر چونی کے بدلے دنیا و آخرت میں ستر ہزار مرادیں پوری کی جائیں گی۔ (پھر تو متعہ کے سودے بازی سے شیعہ عورتیں قابل رشک ہیں۔ کہ حج پڑھنے پر بھی اتنا مرادیں نہ پاسکی جو متعہ کی خرچی معاف کرنے پر پالی) اور ہر چونی کے عوض اس کی قبر پر نور ہوگا۔ (یعنی مرنے کے بعد قبر نور علیٰ نور ہو جائے گی۔ متعہ پاک کے صدقے شیعہ عورت کا بیڑا پار ہی پار) اور ہر چونی پر قیامت میں اس عورت ستر ہزار بہشتی اور نورانی پوشاک پہنائی جائے گی۔ (باقی اور کیا چاہیئے شیعہ عورت تو بڑی خوش قسمت ہے۔ کہ چار آنے پر اس عورت کیلئے اللہ تعالیٰ ستر ہزار فرشتوں کو حکم فرمائے گا۔ کہ اسی عورت کے لیئے دعاء مغفرت کریں۔ (کذا فی خلاصۃ المنہج صلا۲۹)

ف: میرے خیال میں یہ وہ فرشتے ہوں گے جو متعہ سے پیدا ہونے والے ہونگے۔ اس لیئے پاک بی بی کی مغفرت کے لیئے بھی ایسے ہی پاک فرشتے چاہیے۔

بہرحال متعہ شیعہ کے لیئے ایک مقدس اور بلند مرتبہ عمل ہے۔ اور سچ پوچھو تو اسی پاک عمل کی برکت ہے۔ کہ جس سے شیعہ مذہب ترقی کرتا ہے۔ اور اس میں داخل وہی لوگ ہوتے ہیں۔ جن پر شہوت کا بھوت سوار ہو۔ آزمانا ہو تو عاشورہ کے دنوں میں خوش منظر ملاحظہ ہوں (فرمائیں) متعہ پر فقیر نے مستقل ایک کتاب لکھی ہے بنام (کشف القناع عن المتعۃ والاستمتاع)۔ المعروف بہ متعہ یا زنا جو شائع ہو چکی ہے۔

تبرّا کا لغوی اور اصطلاحی معنے

۱۔ غیاث اللغات (اردو) صـ۹۴ میں ہے۔ کہ تبرّا بروزن تمنّا بمعنے بیزاری اور اصطلاح شریعت شیعہ میں، اصحاب ثلاثہ ابوبکر، عمر، عثمان، و دیگر تمام جلیل القدر رسول کے چند صحابیوں) صحابہ کرام و ازواج مطہرات سیّد الانام اور دیگر اولیاء عظام و جملہ صلحاء امت جو ان سے عقیدت کا اظہار کرے اُن کو گالی گلوچ بکنا بلکہ اِن کو لعنتی کہنا۔ جتنا غلیظ سے غلیظ بکواس ہو ان کے حق میں کہنا۔

تبرّا شیعہ سنت میں واجب ہے۔

اور یہ مذموم و مردود دھندا شیعہ سنت شریعت میں نہ صرف جائز بلکہ واجب ہے۔ چنانچہ حق الیقین میں ہے۔ کہ۔

"بعضے امور ہست کہ نزد شیعہ امامیہ ضروری است و نزد سائر مسلمانان ضروری نیست مثل امامت ... و وجوب بیزاری از ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ و لعن و لعنت بر طلحہ و زبیر و عائشہ" بعض امور شیعہ امامیہ کے نزدیک ضروریات دین سے ہیں جو باقی مسلمانوں کے لیئے ضروری نہیں۔ مثلاً امامت حضرت ابوبکر و عمر و عثمان و معاویہ سے بیزاری۔ اور طلحہ، زبیر و عائشہ پر لعنت کرنا۔

(ہر نماز کے بعد تبرّا سنت ہے)

ملا محمد تقی رافضی شیعہ نے حدیقۃ المتقین صـ۱۴۴ پر لکھا ہے۔ کہ ہر نماز کے بعد خلفاء ثلاثہ یعنی (ابوبکر و عمر و عثمان) اور حضرت عائشہ پر لعنت بھیجنا سنت ہے۔ اور نماز

کی تعقیبات اور تکمیل اِس کے بغیر نہیں۔" اور عین الحیٰوۃ ملا باقر مجلسی صـ۵۹۹ پر ہے

"بسند معتبر منقول است کہ حضرت امام جعفر صادق از جائے نماز خود بر نمی خاستند تا چہار مرد و چہار ملعونہ را لعنت نمی کردند پس باید بعد ہر نماز بگوید۔ اللّٰھم العن ابابکر و عمر و عثمان و معاویۃ و عائشۃ و حفصۃ و ھند و ام الحکم۔"

"یعنی معتبر سند منقول ہے۔ نماز سے فارغ ہو کر جب تک ان آٹھ حضرات کو لعنت نہ بھیجتے جاء نماز سے نہیں اٹھتے وہ آٹھ یہ ہیں۔ ابوبکر، عمر، عثمان، معاویہ، عائشہ، حفصہ، ہند، ام الحکم (معاذ اللہ ثم معاذ اللہ)

کلید مناظرہ سے چند حوالہ جات دکھا کر حاضرین مجلس کو سنائے وہ یہ ہیں۔

۱۔ صحابہ ثلاثہ۔ (صدیق، عمر، عثمان رضی اللہ عنہم) کو بدترین مخلوق سمجھا جاتے ہیں (صـ۲۸)

۲۔ اعدائے اہلبیت۔ (صحابہ ثلاثہ مذکورین علیہم) پر تبرّا اور لعنت کرنا ہمیں انہی درجات عالیہ کا مستحق بنا دیتا ہے۔ جن کے حضرت سلمان فارسی، حضرت مقداد، حضرت ابوذر غفاری، حضرت عباس وغیرہ شرفا حق دار ہوتے (صـ۵۱۹)

۳۔ شیخ عبدالقادر جیلانی (محبوب سبحانی قدس سرہ) بت پرست اور بے دینوں کا چوہدری تھا۔ (صـ۲۱۷)

۴۔ شیخ عبدالقادر جیلانی (محبوب سبحانی قدس سرہ) سید نہ تھا (صـ۱۱۷)

۵۔ امام بخاری (قدس سرہ) کو خدا اور رسول کا دشمن نہ کہنا عین کفر ہے (صـ۵۴)

۶۔ ایسے (صدیق اکبر رضی اللہ عنہ) جاہل شخص کو نائب رسول کہنا سنی لوگوں کا حصہ ہے۔ (کلید صـ۱۲۶)

تبرّا کے متعلق مختلف تصریحات

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ عنہ پر تبرا۔

۱ ۔ ان کا (ابوبکر صدیق رضی اللہ) کا باپ ابو قحافہ آنحضرت کے عہدِ رسالت میں زندہ رہا۔ لیکن تا دیر آخر مسلمان نہ ہوا (کلید مناظرہ صہ ۱۱)

(تنقید) یہ سراسر جھوٹ کہا اسلئے کہ حضرت ابو قحافہ رضی اللہ عنہ حضور علیہ السلام کے زمانہ اقدس میں ہی مسلمان ہو گئے تھے۔ چنانچہ علامہ شہاب الدین خفاجی حضرت ملا علی قاری رحمہما اللہ نے شرح شفا صہ ۳۵۲ ج ۲ میں ان کے اسلام کے قصہ اور واقعہ کو تفصیل سے لکھا ہے۔

۲ ۔ ابوبکر کا اور شیطان کا ایمان مساوی ہے۔ (معاذ اللہ) کلید مناظرہ صہ ۱۱)

۳ ۔ ابوبکر کا ایمان راسخ نہ تھا۔ (کلید صہ ۱۳۲)

۴ ۔ ابوبکر (رضی اللہ عنہ) بزدل ہونے کے علاوہ احمق بھی تھا۔ (معاذ اللہ کلید صہ ۲۱)

۵ ۔ عمر رضی اللہ عنہ کو خلافت پاخانہ میں ملی (کلید صہ ۱۸۹)

۶ ۔ عمر (رضی اللہ عنہ) نے شراب مرتے دم تک ترک نہ کی۔ (کلید مناظرہ صہ ۱۳۶)

۷ ۔ عمر (رضی اللہ عنہ) تمام عمر کھڑے کھڑے پیشاب کرتا رہا۔ (صہ ۴۶)

۸ ۔ عمر (رضی اللہ عنہ) بحالت روزہ جماع کر لیا کرتا تھا۔ (کلید صہ ۱۳۶)

۹ ۔ عمر (رضی اللہ عنہ) بحالت جنب نماز پڑھ لیا کرتا تھا۔ کلید صہ ۱۳۶)

۱۰ ۔ خالد بن ولید کو مالک بن نویرہ کی عورت کا عشق اور لالچ دامن گیر تھا۔

(کلید مناظرہ صہ ۱۲۸)

تبرا مجموعی طور پر

۱ ۔ اصحاب ثلٰثہ (صدیق۔ فاروق۔ عثمان غنی رضی اللہ عنہم) بت پرست تھے۔

صہ ۱۴۲

۲ ۔ سیدنا ابوبکر، عمر و عثمان غنی وغیرہ کو منافق۔ دوزخی۔ کافر، مشرک وغیرہ کہتے اور لکھتے ہیں۔ دیکھئے شیعہ کا معتبر مترجم قرآن مقبول۔ صفحات

۴۴/۲۲ ۳۶/۵۲ ۱۱۹/۲۰۵ ۲۳۶/۵۱۲ ۴۴۶/۵۲۱

۳ ۔ ثلاثہ (صدیق و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم) صدق و صفا سے تعلق نہ رکھتے تھے صہ ۴۲۶

تنقید: ۔ یہ بکواس اور مذہب شیعہ کی بڑ ہے۔ ورنہ سیدنا صدیق کی صداقت اور دوسرے یاروں کی صدق و صفائی پر قرآن کے علاوہ شیعہ مذہب کے اسلاف بھی قائل ہیں۔

تمام صحابہ مرتد بے دین اور گمراہ تھے

حضور سرور عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصال کے وقت اپنے ایک لاکھ چوبیس ہزار صحابہ چھوڑے (بعض شیعہ کہتے ہیں) کہ چند معدود صحابہ کے سوا باقی مرتد اور گمراہ ہو گئے۔ چنانچہ ملاحظہ ہوں۔

فروع کافی کتاب الروضہ صہ ۱۱۵ میں ہے۔ کہ ابو جعفر نے فرمایا۔ کان الناس اھل ردۃ بعد النبی الاثلثہ۔ المقداد۔ ابوذر۔ سلمان۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سوائے تین افراد کے سب مرتد ہو گئے۔ مقداد۔ ابوذر۔ سلمان

صرف یہی تین مسلمان رہ گئے تھے۔

حضرت محبوب سبحانی شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ یعنی بغداد والے پیران پیر کو شیعہ سید نہیں مانتے بلکہ کہتے ہیں۔ کہ وہ یعنی سیدنا عبدالقادر جیلانی محبوب سبحانی قدس سرہ یہودیوں کا دلال تھا۔ (معاذ اللہ) ان کے علاوہ حضرت امام اعظم اور امام بخاری اور امام غزالی وغیرہ وغیرہ کو بہت غلیظ گالی دیتے ہیں۔

کیا عرض کیا جائے نہایت ہی گندا اور غلیظ مذہب ہے۔ اتنا کافی ہے۔ اگر موقعہ ملا تو انشاء اللہ تعالیٰ کسی موقع پر اس سے مزید عرض کروں گا۔

آخر دعوانا ان الحمد للہ رب العلمین فصلی اللہ علی حبیبہ سید المرسلین وعلی آلہ واصحابہ اجمعین۔